طريقة استخراج الطلاسم في اسرار الارواح

مجربات عرفان علي قادري چشتي

کمپوزنگ: عائزہ عرفان



طريقة استخراج الطلاسم في اسرار الارواح

مجربات عرفان علي قادري چشتي

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

طـــریقۃ استخـــراج الطلســـم العظیـــم

مرحلہ الاول

طلسم العظیم کا طریقہ کچھ اس طرح ہے، جس بھی آیت کا یا جس سورہ کا یا پھر جس درود شریف کا طلسم بنانا چاہتے ہیں وہ سلیکٹ کریں، مثال **بسم اللہ الرحمٰن الرحیم** ، اب اس کے اعداد حاصل کریں۔ اعداد ہوئے **786** ، اب ان اعداد کے حروف حاصل کریں، 6 = و، 80 = ف، 700 = ذ یعنی حروف ہوئے **و ف ذ** اب ان حروف کی ملفوظی بنائیں، و = واؤ، ف = فا، ذ = ذال، اس ملفوظی کے اعداد حاصل کریں، واؤ = 13، فا = 81، ذال = 731، سارے اعداد کو جمع کریں 13 + 81 + 731 = **825** ، اب ان اعداد کے اوپر والے طریقے کے طرح حروف حاصل کریں، حروف ہوئے **ہ ك ض** ، پھر سے ان حروف کی ملفوظی بنائیں اور ملفوظی کے اعداد حاصل کریں، اعداد ہوئے **912** ، ان اعداد کے حروف حاصل کریں، حروف ہوئے **ب ي ض** ان حروف ملفوظی بنائیں اور ملفوظی کے اعداد حاصل کریں اعداد ہوئے **915** ، ان اعداد کے حروف حاصل کریں، حروف ہوئے **ہ ي ض**۔

اب ان چاروں اعداد کو آپس میں جمع کریں۔ کیونکہ یہ میزان آگے والے مرحلے میں کام آئے گا، اور چاروں اعداد کے حاصل کردہ حروف کو ترتیبوار مِلا کر لکھیں یہ حروف بھی فائنل طلسم العظیم کے شکل میں کام آئیں گے۔

وفذہكضبيظہيظ **786+825+912+915=3438**

مبتدی حضرات کے لیئے کوئی مشکل نہ ہو اس وجہ سے مزید آسانی کے لیئے نیچے ٹیبل پیشِ خدمت ہے جس سے باآسانی سمجھ سکیں گے انشاء اللہ۔

نمبر	آیت / ملفوظي	اعداد	حروف
1	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	786	و ف ذ
2	واو فا ذال	825	ہ ك ض
3	ها كاف ضاد	912	ب ي ظ
4	با يا ظا	915	ہ ي ظ

وفذہكضبيظہيظ **786+825+912+915=3438**

مرحله الثاني

طلسم کے دوسرے مرحلے میں چاروں اعداد کے جمع یعنی 3438 کے ہر عدد کو آپس میں جمع کر کے جفیر الاول حاصل کریں، پھر جفیر اول کے ہر عدد کو آپس میں جمع کر کے جفیر الثانی حاصل کریں.

الجفیر الاول 18 = 8 + 3 + 4 + 3

الجفیر الثاني 9 = 8 + 1

مرحله الثالثه

اس مرحلے میں ہم مرحلہ الاول و مرحلہ الثانی میں حاصل کیئے گئے حروف و اعداد کو طلسم العظیم کے قانون کے مطابق ترتیب سے لکھ کر طلسم العظیم کی شکل مکمل کریں گے۔

اس کی ترتیب کچھ اس طرح ہوگی کہ سب پہلے دائیں طرف مرحلہ الثانی میں حاصل کیئے گئے الجفیر الاول کے اعداد 18 لکھیں گے، اس کے بعد مرحلہ الاول میں حاصل کیئے چاروں اعداد کے حروف وفذهكضبيظهيظ لکھیں گے.

آخر میں مرحلہ الثانی میں الجفیر الثانی کا عدد 9 لکھ کر طلسم العظیم کے قانون کے مطابق طلسم العظیم کی شکل مکمل کریں گے۔

جب طلسم العظیم مکمل ہو جائے گی تو اس کے بعد توکیل یعنی عزیمت کو بسطِ حرفی (حرف حرف جدا جدا) طلسم کے چاروں اطراف میں لکھیں گے. عزیمت گول شکل میں بھی لکھ سکتے اور ایک چوکور کی صورت میں بھی یہ آپ کی اپنی مرضی کے مطابق ہے، مگر آج کل فیسبک، واٹس ایپ، ٹیلی گرام، انسٹاگرام مطلب سوشل میڈیا پر عزیمت کو گول شکل میں لکھنے کا رجحان زیادہ ہے، مگر قانون میں یہ نہیں ہے کہ آپ گول شکل میں ہی عزیمت لکھیں۔

مزید آسانی کے لیئے مکمل طلسم العظیم کی شکل نیچے پیش کی جارہی ہے تاکہ مبتدی حضرات کو کوئی مشکل پیش نہ آئے، یہاں طلسم العظیم بنانے کی مکمل تفصیل سادہ الفاظ میں پیش کی ہے امید ہے کہ اب ہر ایک اس طلسم کے برکات سے فیضیاب ہو سکے گا۔

طلســــم العـــــظيم

18 و ف ذ ه ك ض ب ي ظ ه ك ظ 9

جس طرح اس طلسم کے قانون کا نام ہے طلسم العظیم ویسا یہ قانون بھی ہے، الحمد اللہ میرا کئی مرتبہ کا آزمایا ہوا قانون ہے جو کبھی خطا نہیں گیا، جانتا ہوں جو چیز ایک آسانی سے مل جائے اور دوسرا مفت میں اس کی قدر کوئی نہیں کرتا، یہ قانون مغربی دنیا کا بے تاج بادشاہ ہے اس قانون کی قدر پوچھیں اس سے جو 3500$ دے کر خریدتا ہے۔

نوٹ:

ایک اہم بات کچھ عاملین اس طلسم میں اعداد اور حروف پر ایک لکیر لگاتے ہیں، یہ لکیر اس قانون تک نہیں لگے گی لکیر کا ایک جدا قانون ہے، لکیر کا کیا قانون ہے؟ لکیر کو کیا کہا جاتا ہے؟ لکیر کی ضرورت کیا ہے؟ لکیر لگانے کا مقصد کیا ہے؟ لکیر لگانے سے کیا فرق پڑتا ہے؟ اور بھی بہت سارے سوال ہیں جب تک ان کے جوابات نہیں مل جاتے تب تک کاپی پیسٹ نہ کریں، یا کسی اور دوسرے کا نقل دیکھ کر اپنا اصل تباہ نہ کریں۔

امید ہے کہ تمام احباب اس چیز کو سمجھ جائیں گے، ایک بات اور یہ طلسم مکمل اور اصل قانون سے پیش کیا گیا ہے، لحاظہ اس طلسم کو مثبت کاموں میں استعمال کریں، لوہار کو لوہا مل گیا اب لوہار کا کام ہے کہ اس لوہے سے ڈھال بنائے یا تلوار۔

نہ دعویٰ نہ واعدہ ـــــــــــــــــــــــــــــــــــــ شفاء منجانب خدا۔

طالبِ دعا: گداگرِ درِبتول عرفان علی قادری چشتی۔